





## نیو جرسی

# پیرنٹ ریسورس گائیڈ

## ان بچوں کے لئے ہے جو
## بہرے ہیں اور اونچا سنتے ہیں
## پیدائش کی عمر سے پانچ سال تک

NJ Health
Improving Health Through Leadership and Innovation

State of New Jersey
Department of Education

## نیو جرسی

# پیرنٹ ریسورس گائیڈ

## ان بچوں کے کے لئے ہے جو بہرے ہیں اور اونچا سنتے ہیں

یہ پیرنٹ ریسورس گائیڈ 2019 کے نیو جرسی پبلک لا، چیپٹر 205 کی روشنی میں بنائی گئی ہے، جس میں ڈیف ایجوکیشن سے متعلق ورکنگ گروپ کی سفارشات شامل ہیں۔ اس کا مقصد ان خاندانوں کی، اخذ پذیری اور اظہاری زبان کی استعداد حاصل کرنے اور پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کی عمر والے بہرے یا اونچا سننے والے بچوں کی انگریزی خواندگی کے ضمن میں ترقیاتی مراحل کی مانیٹرنگ اور ٹریک کرنے میں، مدد کرنا ہے۔

وہ بچے جو بہرے یا اونچا سنتے ہیں اور مواصلات تک رسائی حاصل نہیں کرسکتے ہیں، ان کو دونوں اخذ پذیری اور اظہاری زبان کی استعداد حاصل کرنے میں تاخیر کا خطرہ ہے۔ لینگویج ڈیویلپمنٹ مائل اسٹون کی چیک لسٹس غیر رسمی اقدامات ہیں جو خاندانوں کے لیے اپنے بچوں کی پیشرفت کا مشاہدہ کرنے اور ریکارڈ رکھنے کے لیے بنائی گئی ہیں۔

کیلیفورنیا لینگویج ڈویلپمنٹ مائل اسٹون چیک لسٹ سمیت زبان کی ترقی کے متعدد سنگ میل چارٹ دستیاب ہیں، جس میں امریکی اشاراتی زبان اور انگریزی سنگ میل دونوں شامل ہیں، جو اس دستاویز میں موجود ہے۔ آپ کے بچے کی سننے اور بولی جانے والی زبان کی پیش رفت کو سمجھنے کا ایک اور ذریعہ **امریکن اسپیچ لینگویج ہیرنگ ایسوسی ایشن (ASHA)**** کی ویب سائٹ پر پایا جا سکتا ہے۔

**سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول (CDC)**** کی ایک ویب سائٹ ہے جو مختلف ترقیاتی سنگ میلوں کا خاکہ پیش کرتی ہے، جس میں سننے اور بولی جانے والی زبان، اور مزید سماجی اور جذباتی، ادراکی، اور حرکت/جسمانی نشوونما شامل ہے۔ قابل طبع مائل اسٹون کی چیک لسٹس، مائل اسٹون کی ویڈیو اور فوٹو لائبریری، عمر کے لحاظ سے منظم، اور ایک مائل اسٹون ٹریکنگ ایپ بھی CDC کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

اگرچہ یہ زبان کی نشوونما تک ہی محدود نہیں ہے، بہرے یا اونچا سننے والے بچوں کی پرورش سے متعلق بہت سے فیصلوں کے ضمن میں خاندانوں کے لیے بہت سے وسائل دستیاب ہیں، جس میں مواصلات کے اختیارات، سماعت کے آلات اور کوکلیئر امپلانٹس، ڈیف کلچر، تعلیمی وسائل اور خاندان کا سپورٹ شامل ہے۔ ان وسائل کو دیکھتے وقت اور ماہرین سے بات کرتے وقت، خاندانوں کو نیو جرسی ارلی انٹرویشن سسٹم (NJEIS) کے ریجنل ارلی انٹروینشن کولیبوریٹیوز(REICs) میں سماعت کے مشیروں کے ذریعہ تیار کردہ **اصطلاحات کا خلاصہ**

- AG Bell فیملی ریسورسز

  AG Bell ویب سائٹ میں ایسے خاندانوں کے لیے متعدد وسائل شامل ہیں جنہوں نے سننے اور بولی جانے والی زبان کو استعمال کرنے کا انتخاب کیا ہے۔

- امریکن سوسائٹی فار ڈیف چلڈرن (ASDC)**

  ASDC کی ویب سائٹ، مانیٹرنگ، ایڈووکیسی، وسائل اور ایک باہمی تعاون کے نیٹ ورک کے ذریعے زبان کے بھرپور ماحول تک مکمل رسائی حاصل کرتے ہوئے بہرے بچوں اور نوجوانوں والے متعدد خاندانوں کو بااختیار بنانے کے ضمن میں، مشن کی عکاسی کرتی ہے۔

- Beginnings for Parents of Children who are Deaf or Hard of Hearing, Inc.**
  (بگننگس فار پیرنٹس آف چلڈرن ہو آر ڈیف آر ہارڈ آف ہیئرنگ انکارپوریٹڈ)

  بگننگس خاندانوں اور پیشہ ور افراد کے لیے غیر جانبدارانہ مدد فراہم کرتی ہے۔ ویب سائٹ میں وسائل کی وسیع اقسام جیسے آپ کے بچے کے ساتھ بات چیت، ٹیکنالوجی، سماعتی نظام اور دوسرے والدین کے ساتھ رابطہ کرنا شامل ہیں۔

**** انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہے**

NJ Health
Improving Health Through Leadership and Innovation

State of New Jersey
Department of Education

نیو جرسی

# پیرنٹ ریسورس گائیڈ

## ان بچوں کے کے لئے ہے جو بہرے ہیں اور اونچا سنتے ہیں

- CDC پیرنٹس گائیڈ

  اس ویب سائٹ میں خاندانوں کے لیے معلومات کا ذخیرہ جیسے سماعتی نقص کو سمجھنا، زبان اور مواصلات کے اختیارات، فیصلہ سازی، گلوسری اور اضافی وسائل شامل ہیں۔

- مرکز برائے سینسری اینڈ کمپلیکس ڈس ایبلٹیز

  ڈیف بلائنڈنس سے متعلق نیو جرسی سینٹر پیشہ ور افراد اور پیچیدہ معذوری والے بچوں کے خاندانوں کے لیے وسائل مہیا کرتا ہے، جس میں ڈیف بلائنڈنس بھی شامل ہے۔

- کلیرک سینٹر فیملی ریسورسز

  گالودیٹ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر لارنٹ کلیرک نیشنل ڈیف ایجوکیشن سینٹر متعدد موضوعات پر پیشہ ور افراد کے لیے وسائل کی ایک رینج پیش کرتا ہے۔

- دی فیملی میٹرس ریجنل ارلی انٹروینشن کولیبوریٹیز (NJEIS)**

  دا فیملی میٹرز کی ویب سائٹ اپنے ریسورس لائبریری میں بہرے یا اونچا سننے والے بچوں کے خاندانوں کے لیے سماعتی نقص، مواصلات کے اختیارات، سننے کا ماحول بنانا، اور ASL جیسی معلومات فراہم کرتی ہے۔

- ہینڈز اور وائسز (Hands and Voices)

  ہینڈز اینڈ وائسز، پیرنٹ کی زیر قیادت چلنے والی ایک تنظیم ہے جو خاندانوں کی مدد کرتی ہے، چاہے مواصلات کے موڈ کچھ بھی ہوں۔ اس ویب سائٹ میں بہت سے وسائل شامل ہیں، بشمول:

  - ارلی انٹروینشن کے لیے پیرنٹس گائیڈ
  - پیرنٹ ٹپ شیٹس: لینگویج، لٹریسی اینڈ سوشل ایموشنل ڈیویلپمنٹ

- ہیئرنگ فرسٹ

  ہیئرنگ فرسٹ (Hearing First) ان خاندانوں کے لیے، جنہوں نے سننے اور بولی جانے والی زبان کا انتخاب کیا ہے، "نازک ابتدائی دنوں اور اپنے سفر کے دوران اپنے بچے کی پرورش پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، جب بھی ان کے سوالات ہوں یا کسی سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو تو، وسائل اور مدد فراہم کرتی ہے۔"

- نیشنل سینٹر آن ڈیف-بلائنڈنیس

  یہ ویب سائٹ ڈیف-بلائنڈنیس سے متعلق خاندانوں اور پیشہ ور افراد کو وسائل پیش کرتی ہے۔

- نیشنل کیوڈ سپیچ ایسوسی ایشن**

  یہ ویب سائٹ ان خاندانوں اور پیشہ ور افراد کو وسائل پیش کرتی ہے جو سننے میں مدد کے لیے جسمانی اشاراتی زبان استعمال کرتے ہیں۔

- نیو جرسی ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ریسورس ان طلباء کے لیے ہے جو ڈیف، ہارڈ آف >ہیئرنگ یا ڈیف-بلائنڈ کے شکار ہیں

  یہ ویب سائٹ نیو جرسی میں خاندانوں اور پیشہ ور افراد کے لیے مختلف موضوعات پر معلومات فراہم کرتی ہے، جس میں NJ ڈیف اسٹوڈنٹ بل آف رائٹس اور کمیونیکیشن پلان ان طلباء کے لیے ہے جو ڈیف، ہارڈ آف ہیئرنگ، یا ڈیف-بلائنڈ کے شکار ہیں، اور NJ میں تعلیمی پروگراموں سے متعلق فہرست شامل ہے۔

** انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہے

نیو جرسی

# پیرنٹ ریسورس گائیڈ

## ان بچوں کے کے لئے ہے جو بہرے ہیں اور اونچا سنتے ہیں

- نیو جرسی ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن فیملیز پورٹل

فیملیز پورٹل کا مقصد طلباء کی تعلیم اور ترقی میں والدین اور خاندانی مشغولیت سے متعلق معاونت اور معلومات فراہم کرنے کا ایک مرکزی مقام ہونا ہے۔ یہ ایک نیویگیشن سسٹم بھی ہے جو والدین اور خاندانوں کو یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ سٹیٹ اور مقامی سطح پر تعلیمی نظام کیسے کام کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، پورٹل اساتذہ اور خاندانوں کے خیالات کا ایک متحرک ذریعہ ہے جو اپنی شراکت داری کے پروگراموں کو مضبوط بنانے کے طریقے تلاش کر رہے ہیں۔

- نیو جرسی ڈویژن آف دا ڈیف اینڈ ہارڈ آف ہیئرنگ

NJ ڈویژن آف ڈیف اینڈ ہارڈ آف ہیئرنگ (DDHH) کا مشن تعلیم، ایڈووکیس اور براہ راست سروسز فراہم کرنا ہے تاکہ رکاوٹوں کو ختم کیا جا سکے اور سٹیٹ کی عام آبادی کے لیے معمول کے مطابق دستیاب پروگراموں، سروسز اور معلومات تک رسائی کو فروغ دیا جا سکے۔ **لیولنگ دا پلیئنگ فیلڈ** ASL ڈیف لینگویج ایسوسی ایٹس کے ذریعے بچوں کی دیکھ بھال کی سیٹنگ، گھروں، پری اسکولوں یا دیگر قابل اطلاق پروگراموں میں زبان کے حصولیابی کی خدمات فراہم کرتی ہے۔ چائلڈ کیئر سنٹر کے انتخاب کے لیے ہدایات اور بہرے یا اونچا سننے والے بچوں کے لیے زبان کی حصولیابی کی اہمیت و افادیت لیولنگ دا پلیئنگ فیلڈ کے ویب پیج پر مل سکتی ہے۔

- نیو جرسی ارلی انٹرویشن سسٹم (NJEIS)**

یہ ویب سائٹ نیو جرسی ارلی انٹرویشن سسٹم کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرتی ہے۔

- نیو جرسی ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ: اگر آپ کا بچہ اونچا سنتا ہے**

یہ ویب سائٹ ایسے خاندانوں کے لیے ریسورس مہیا کرتی ہے، جن میں پیشہ ور افراد کا سامنا ایسے لوگوں سے ہو سکتا ہے، جن کے بچے کی شناخت بہرے یا اونچا سننے والے کے طور پر ہوئی ہو۔

- نیو جرسی ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ: نیوبورن ہیئرنگ سکریننگ**

فیملیز اس ویب سائٹ پر نوزائیدہ بچے کی سماعت کی سکریننگ اور عمل کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتی ہیں۔ اس میں ایک معلوماتی ویڈیو بھی شامل ہے جو خاندانوں کو مختلف قسم کے نوجوانوں سے متعارف کراتی ہے جو بہرے ہیں یا اپنی شیئر کی ہوئی کہانیوں کو اونچا سنتے ہیں۔

- ایک ایسے بچے کی پرورش کرنا جو بہرا ہو یا اونچا سننے والا ہو

بوائز ٹاؤن نیشنل ریسرچ ہاسپٹل کی یہ ویب سائٹ وسیع موضوعات پر معلومات فراہم کرتی ہے جن میں یونیورسل نوزائیدہ کی سماعت کی سکریننگ، سماعت، سماعتی آلات، بات چیت، زبان اور سیکھنا، اور پرورش و پرداخت اور مدد شامل ہیں۔

- SPAN پیرنٹ ایڈووکیسی نیٹ ورک**

SPAN ایک ایسی تنظیم ہے جو مختلف ضروریات کے حامل بچوں کے خاندانوں کو ریسورس اور مدد فراہم کرتی ہے، جس میں وہ لوگ جو بہرے یا اونچا سننے والے لوگ بھی شامل ہیں۔ SPAN اور ارلی ہیئرنگ ڈیٹیکشن اینڈ انٹروینشن (EHDI) نے ڈیف مینٹر پروگرام ** سے متعلق تعاون کیا جو کہ بہرے بالغین والے خاندانوں کو جوڑتا ہے۔

- VL2 فیملی انفارمیشن سینٹر

یہ ویب سائٹ ASL اور دو لسانی زبان کے بارے میں تحقیق پر مبنی معلومات مہیا کرتی ہے جو بہرے اور اونچا سننے والے بچوں کے خاندانوں لیے ہے، جس میں آپ کے بچے کی ریڈنگ اور والدین کی ٹول کٹ بھی شامل ہے۔

** انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہے

# لینگویج ڈیویلپمنٹ مائل اسٹون[1]

لینگویج ڈیویلپمنٹ مائل اسٹون کی چیک لسٹ خاندانوں کے لیے تیار کی گئی ہے تاکہ وہ اپنے بچے کی پیشرفت کا مشاہدہ کر سکیں اور ریکارڈ رکھ سکیں۔ ملاقاتوں کے دوران چیک لسٹ آپ کے بچے کی تعلیمی ٹیم کے ساتھ شیئر کی جا سکتی ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ زبان اور خواندگی کی پیش رفت کی باضابطہ تشخیص نہیں ہے۔ گھر میں آپ کے بچے کی اخذ پذیری اور اظہاری زبان کے مشاہدات تعلیمی سیٹنگ میں جو مشاہدہ کیا جاتا ہے اس سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

## پہلا سال

اپنے پہلے سال کے دوران، بچے اپنے ارد گرد کی زبان دیکھتے، سیکھتے اور جذب کرتے ہیں۔ اگرچہ بچے اس پہلے سال کے دوران ہمیشہ زیادہ بات نہیں کرتے یا اشارہ نہیں کرتے، بچے ان تمام الفاظ کو محفوظ کر لیتے ہیں جو آپ اشارہ کرتے ہیں یا ان سے کہتے ہیں، لہذا یقینی بنائیں کہ آپ ہر وقت اپنے بچے کے ساتھ بولتے رہیں اور اشارہ کرتے رہیں!

### 0-3 مہینے

- ☐ آپ کا بچہ ادھر ادھر دیکھتا ہے اور لوگوں کے چہروں پر توجہ دیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ آپ کو دیکھ کر مسکراتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ ماحول سے واقفیت کا اظہار کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ کسی شخص کی آواز یا حرکت یا روشنی کو پہچان لیتا ہے اور اس پر رد عمل ظاہر کرتا ہے۔

نوٹس: ____________________________________________
____________________________________________
____________________________________________

### 4-6 مہینے

- ☐ آپ کا بچہ ہاتھوں اور/یا آواز سے غوں غاں شروع کر دیتا ہے۔ آپ کا بچہ آپ کی توجہ حاصل کرنے کے لیے غوں غاں کا استعمال کر سکتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ بازو، سر، ہاتھ اور چہرے کی شمولیت سے نقل و حرکت کی نقل کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ آپ کی آواز کے لہجے میں تبدیلی اور/یا آپ کے چہرے کے تاثرات کی تبدیلی پر رد عمل ظاہر کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اکیلے یا آپ کے ساتھ کھیلتے وقت لاڈ پیار کرنے، غرغرانے اور رونے کے ذریعہ جذبات کا اظہار کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ آپ کی طرف اس وقت دیکھتا ہے یا آواز دیتا ہے جب آپ اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں یا اس کا نام لیتے ہیں۔

نوٹس: ____________________________________________
____________________________________________
____________________________________________

نیو جرسی

# پیرنٹ ریسورس گائیڈ

ان بچوں کے کے لئے ہے جو بہرے ہیں اور اونچا سنتے ہیں

## 12-7 مہینے

- ☐ آپ کا بچہ خود کی طرف اور چیزوں کی طرف اشارہ کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ ان کے پہلے الفاظ یا اشارات کی نقل کرتا ہے اور ان کا اظہار کرتا ہے، جیسے میرا، زیادہ، دودھ، امی، ابو۔
- ☐ آپ کا بچہ چو چو، سوئش اور بز آنوماٹوپیا (آواز) جیسی آواز نکالتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ بالغوں جیسے چہروں کے تاثرات/تغیرات سے غوں غاں کرنے لگتا ہے اور باری والی گفتگو کی نقل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ مشترکہ توجہ کا اظہار کرتا ہے (مثال کے طور پر، والدین اور بچہ دونوں ایک ہی چیز کو دیکھتے ہیں)۔
- ☐ آپ کا بچہ بتا سکتا ہے کہ چہرے کے مختلف تاثرات کا کیا مطلب ہوتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ احتجاج اور جذبات کے اظہار کے لیے اشاروں یا آوازوں ترتیب بندی کا استعمال کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ درخواست پر رد عمل دیتا ہے (جیسے، یہاں آنا)۔
- ☐ آپ کا بچہ عام چیزوں کے الفاظ (جیسے کپ، جوتا، جوس) اور خاندانی ناموں کو سمجھتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اکثر لفظ "نہیں" پر رد عمل ظاہر کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ لوگوں کے چہروں اور ماحول پر غور سے توجہ دیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اپنا سر ادھر ادھر موڑتا ہے اور آوازوں یا توجہ طلب رویوں کے جواب میں دیکھتا ہے (مثال کے طور پر، ہاتھ ہلانا، لائٹس جلانا/بجھانا، پاؤں پٹخنا)۔
- ☐ 12 ماہ کی عمر تک، آپ کے بچے کے پاس 1-3 علامات اور/یا الفاظ شکل میں ہوتے ہیں۔

نوٹس: ____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

## ایک - دو سال کی عمر۔

اپنی پہلی اور دوسری سالگرہ کے موقع پر، بچے بہت سارے الفاظ سیکھتے ہیں اور چھوٹے جملے بنانے کے لیے الفاظ کو ایک ترتیب میں رکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہاں کچھ ان چیزوں پر توجہ دیجئے

### اظہاری زبان

- ☐ آپ کا بچہ تعجب آمیز تعبیرات والے الفاظ استعمال کرنے لگا ہے (جیسے، اہ-اوہ، نہیں-نہیں)۔
- ☐ آپ کا بچہ بالغ فرد کی طرف سے استعمال کردہ آخری لفظ کو دہراتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ واحد الفاظ کے ذریعے اپنی خواہشات اور ضروریات کا اظہار کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اپنے اور دوسروں کا حوالہ دینے کے لیے علامت یا بولے ہوئے ناموں کا استعمال کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ پروناؤنس (ضمیر) کا استعمال شروع کر چکا ہے (مثال کے طور پر، میں، میرا، میرا)۔
- ☐ آپ کا بچہ دو لفظوں والے جملے استعمال کرنا شروع کرچکا ہے (جیسے میرا دودھ، ماں کا جوتا)۔
- ☐ آپ کا بچہ پڑھائے جانے کے لیے کہتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ 1-2 بولے جانے والے الفاظ یا علامات کے ساتھ اپنی اپنی ڈرائنگ/تحریر پر لیبل لگا لیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ آسان سوالات پوچھتا ہے (مثلا وہ کیا؟، ممی کہاں؟)
- ☐ آپ کا بچہ گفتگو میں 1-2 باری لیتا ہے۔

## ایک - دو سال کی عمر۔

نوٹس: ____________________

## اخذ پذیری زبان

- ☐ آپ کا بچہ اپنے نام کو پہچانتا ہے جب اس کا تلفظ یا سائن کیا جائے۔
- ☐ آپ کا بچہ خاندان کے ممبروں کے ناموں کو پہچانتا ہے جب اسے اشارہ کیا جائے یا بات کی جائے۔
- ☐ آپ کا بچہ آسان احکامات کو سمجھتا ہے (مثلا یہاں آنا، مجھے دینا، بیٹھ جانا)۔
- ☐ آپ کا بچہ چند آسان سوالوں کو سمجھتا ہے (مثال کے طور پر کون، کیا، کہاں، ہاں/نہیں)۔
- ☐ آپ کا بچہ پوچھے جانے پر اپنے جسم کے کم از کم 5 حصوں کو اپنی طرف یا گڑیا کی طرف اشارہ کرکے بتاتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ صفحے پر نامزد تصویروں کی طرف اشارہ کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ نظموں‌یا سادہ کہانیوں شرکت کرتا ہے اور ان سے لطف اندوز ہوتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اپنے نام کے پہلے حرف کو پہچانتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اپنی پسندیدہ کتاب کو اس کے کور سے پہچان لیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ کتابیں پڑھنے کی نقل کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ کتابوں کو استعمال کرنے کا طریقہ سمجھنے لگا ہے (مثال کے طور پر، ایک وقت میں کئی صفحات پلٹنا، کتاب کو دائیں طرف رکھنا)۔

نوٹس: ____________________

## ذخیرہ الفاظ

- ☐ دو سال کی عمر تک، آپ کے بچے کے پاس کم از کم 50-100 الفاظ کی ذخیرے جمع ہو جاتے ہیں، بنیادی طور پر لوگوں، غذا، جانوروں، کھلونوں اور ایکشن الفاظ کے لیبلز۔
- ☐ 2 سال کی عمر تک، آپ کا بچہ دو آسان بولے ہوئے یا سائن شدہ جملے استعمال کرنا شروع کر دیتا ہے (مثال کے طور پر، بچے کا رونا، زیادہ دودھ، میرا کپ، جوس نہیں)۔

نوٹس: ____________________

## دو - تین سال

اس سال کے دوران، آپ کا بچہ بہت سارے الفاظ کا تلفظ کرنا اور سائن کرنا سیکھے گا، اور آپ کو ان پر نظر رکھنے میں مشکل پیش آئے گی۔ آپ کا بچہ لمبے اور زیادہ پیچیدہ جملوں کا استعمال بھی شروع کر دے گا۔ اس سال اپنے بچے کی زبان کو ٹریک کرنا دلچسپ ہونا چاہیے!

### اظہاری زبان

- ☐ جب آپ کے بچے سے پوچھا جاتا ہے تو وہ تصویروں میں اشیاء/جانوروں/لوگوں اور خود سے متعلق ناموں کو بتاتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ بوقت درخواست اپنا پورا نام لکھتا یا بتاتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ 5 تک شمار کر لیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ تمام ضروریات کو بیان کرتا ہے یا اشارہ کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ بوقت ضرورت مدد کی درخواست کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ دو مراحل کے ساتھ کمانڈز استعمال کرتا ہے (مثلا بیٹھ جانا- کھانا)۔
- ☐ آپ کا بچہ وقت کے ساتھ زیادہ تعدد کے ساتھ مختصر جملوں کا استعمال کرتے ہوئے تجربات سے گزرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ چند بولی جانے والی یا سائن شدہ نرسری نظمیں پڑھتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ تصویری یا تحریر شدہ کہانیوں سے لطف اندوز ہوتا ہے اور کہانی میں موجود کرداروں کے ایکشن/ چہرے کے تاثرات کی نقل کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ زبانی طور پر بیان کرتا ہے یا پری پوزیشن پر اشارہ کرتا ہے (جیسے، پر، نیچے)۔
- ☐ آپ کا بچہ خوش، غمگین، غصے جیسے جذبات کا اظہار اشاروں سے یا بولے جانے والے الفاظ سے کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اس انداز میں بولتا یا اشارہ کرتا ہے جسے اکثر خاندان کے افراد اور دوست سمجھ لیتے ہیں۔
- ☐ آپ کا بچہ قابل فہم (واضح طور پر سمجھنے والے) الفاظ یا اشارات استعمال کرتا ہے جو تقریبا وقت کا 80% ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ جملے کی بنیادی بناوٹ استعمال کر لیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ علامت اور لفظ "اور" کا استعمال کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ واحد/جمع اسم فعل کی مطابقت استعمال کرتا ہے (جیسے لڑکا چلتا ہے، لڑکے چلتے ہیں)۔
- ☐ آپ کا بچہ پزیسیو (حالت اضافی) کا استعمال کرنے لگا ہے (جیسے میرا، آپ کا)۔
- ☐ آپ کا بچہ جملوں میں فعل ماضی کا استعمال کرتا ہے (جیسے، ماں نے پکایا، سوسی نے دوڑ لگائی)۔
- ☐ آپ کا بچہ عام الفاظ استعمال کرتا ہے (مثال کے طور پر، وہ تمام جانوروں کو "کتا" کہتا ہے)۔
- ☐ 2 اور ½ سال کی عمر تک، آپ کا بچہ ہاں یا نہیں میں سوالات کے جوابات دیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ دو لفظ والے سوالات استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ "کیوں" سوال کا مرحلہ استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ سوالیہ لفظ "کون" استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اسم ضمیر کا استعمال کرنے لگا ہے (مثلا وہ، وہ، یہ)، جس میں‌ذاتی ضمیر (جیسے، میں، میں، میرا، میرا)، اورحالت اضافی والی ضمیر، (جیسے، اس کا، اس کا)۔
- ☐ آپ کا بچہ نمبر + ناؤن (اسم) استعمال کرنے لگا ہے (جیسے دو کتے)
- ☐ آپ کا بچہ سادہ توضیحی الفاظ کا استعمال کرنے لگا ہے (جیسے گرم، سرد، بڑا، چھوٹا)۔
- ☐ آپ کا بچہ کم از کم تین رنگوں کا نام بتاتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ نیگٹیو (منفی) الفاظ کا استعمال کرنے لگا ہے (جیسے، نہیں، کوئی نہیں، نہیں، پسند نہیں کرتا، نہیں جانتا، ابھی نہیں)۔

نوٹس: ____________________________________________
____________________________________________
____________________________________________

# پیرنٹ ریسورس گائیڈ

## ان بچوں کے لئے ہے جو بہرے ہیں اور اونچا سنتے ہیں

## دو - تین سال

### اخذ پذیری زبان

- ☐ آپ کا بچہ دو مرحلے والے احکامات کو سمجھتا ہے (مثال کے طور پر، بیٹھیں اور کتاب پڑھیں)۔
- ☐ آپ کا بچہ مشاہدوں اور آوازوں پر دھیان دیتا ہے (مثال کے طور پر، اشارہ کرتا ہے، پرجوش ہوجاتا ہے) جیسے ویڈیو فون یا ڈور بیل کی فلیشنگ/بجنا۔
- ☐ آپ کا موقع محل والے جملوں کا مناسب جواب دیتا ہے (جیسے، میں، پر)
- ☐ آپ کا بچہ وقت سے متعلق جملوں کو سمجھنے لگا ہے (جیسے کل، آج)۔

نوٹس: ____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

### ذخیرہ الفاظ

- ☐ تین سال کی عمر تک، آپ کے بچے کے پاس +500 الفاظ اور/یا علامتوں کا ذخیرہ ہوگا۔

نوٹس: ____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

## تین - چار سال کی عمر

اب تک، آپ کا بچہ واضح طور پر بات چیت کرنے کے قابل ہوگیا ہے، اور زیادہ تر وقت شناسا بالغوں کے ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ آپ کا بچہ اکثر جو کچھ کہتا ہے یا اس سے متعلق اشارہ کرتا ہے اسے سمجھتا ہے۔ آپ کا بچہ چار سے پانچ الفاظ والے جملوں کا استعمال کر رہا ہے، نرسری کی سادہ نظم کو دہرا سکتا ہے، اور سادہ گفتگو جاری رکھ سکتا ہے۔

### اظہاری زبان

- ☐ آپ کا بچہ روانی سے، واضح طور پر بات کرتا ہے، اور خاندان اور شناسا بالغوں کے ذریعے آسانی سے سمجھ جاتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ منطقی طور پر سوالات کے جوابات دیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ 4-5 الفاظ والے جملے استعمال کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ 3-4 مرتبہ کے ذریعہ برموضوع متعلقہ آسان گفتگو انجام دے لیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ ان چیزوں کے بارے میں بات کرتا ہے جو سکول میں یا دوستوں کے ساتھ پیش آتی ہیں۔
- ☐ آپ کا بچہ اپنے سامنے پڑھی جانے والی کہانی کی کتابوں پر بحث کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ تصاویر میں ایکشن کی وضاحت کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ پزیسیو الفاظ کا استعمال کرتا ہے (جیسے میرا، آپ کا، اس کا، اس کا)۔

نیو جرسی

# پیرنٹ ریسورس گائیڈ

ان بچوں کے کے لئے ہے جو بہرے ہیں اور اونچا سنتے ہیں

## تین - چار سال کی عمر

### اظہاری زبان

☐ آپ کا بچہ آسان اشارہ جاتی یا بولی جانے والی نظم کو دہرا سکتا ہے۔
☐ آپ کا بچہ پڑھنے لکھنے کی کوشش کرتا ہے۔
☐ اگر ASL استعمال کر رہے ہیں تو، آپ کا بچہ انداز، مقام، سمت، سائز، شکل، ڈگری اور شدت کو بیان کرنے کے لیے ترتیب کار کا استعمال کرتا ہے۔

نوٹس:____________________________________________
____________________________________________
____________________________________________

### اخذ پذیری زبان

☐ آپ کا بچہ ان چیزوں کو سمجھتا ہے جو انہیں بتائی جاتی ہیں۔
☐ آپ کا بچہ "کون؟"، "کیا؟"، "کہاں؟"، "کیوں؟"، اور "کیسے؟" سوالات الفاظ کو سمجھتا ہے۔
☐ آپ کا بچہ 2 سے 4 آسان غیر متعلقہ کمانڈز انجام دیتا ہے (مثال کے طور پر، بیٹھ جانا اور اپنا لنچ کھانا)۔
☐ آپ کا بچہ آپ کو بالکل وہی چیز دیتا ہے جو آپ اس سے نام کے ساتھ مانگتے ہیں۔
☐ آپ کا بچہ آپ کی درخواست پر اشیاء کی طرف اشارہ کرتا ہے یا اوپر/نیچے، اوپر/نیچے چیزیں رکھتا ہے۔

نوٹس:____________________________________________
____________________________________________
____________________________________________

### ذخیرہ الفاظ

☐ چار سال کی عمر تک، آپ کا بچہ 1,500 سے 1,600الفاظ یا علامات استعمال کرتا ہے۔

نوٹس:____________________________________________
____________________________________________
____________________________________________

## چار - پانچ سال کی عمر

اس عمر تک، آپ کا بچہ ماضی، حال اور مستقبل کے بارے میں خیالات کو بیان کرنے کے لیے صحیح جملے استعمال کرنے کے قابل ہو جانا چاہیے۔ اس سال کے آخر تک، آپ کے بچے کے پاس کئی ہزار الفاظ اور/یا اشارات ہونے چاہئیں۔

## چار - پانچ سال کی عمر

### اظہاری زبان

- ☐ آپ کا بچہ آسان قابل فہم انداز اور واضح طور پر اور روانی سے بات کرتا ہے اور/یا اشارہ کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ لمبے اور تفصیل والے جملوں کا استعمال کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ برموضوع متعلقہ من گھڑت کہانیاں بیان کر سکتا ہے۔ (ASL صارفین کے لیے، آپ کا بچہ کہانی سناتے وقت وقفہ استعمال کر سکتا ہے۔)
- ☐ بولی جانے والی زبان استعمال کرنے والے بچوں کے لیے، زیادہ تر آوازیں صحیح طور پر تلفظ کی جاتی ہیں، حالانکہ اسے "r"، "v"" اور "th" کے تلفظ میں دشواری ہو سکتی ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ الفاظ اور/یا علامات کے ساتھ ہم آواز الفاظ استعمال کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ کچھ تحریری حروف اور نمبروں کی شناخت کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ 4-8 الفاظ/اشارہ والے جملے استعمال کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ "ہے،" "کرتا ہے،" "تھا" کا استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ جملوں میں "کیونکہ..."، "جب..."، "اگر..."، اور "لہذا...کا استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ "اِن" اور "اُن" کا استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ "پہلے" اور "بعد" کا استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ "کیوں" اور "کیسے" والے سوالات کے جوابات دینے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ کسی واقعہ یا ایکشن کی وضاحت کرتے وقت جذبات اور جسمانی حرکات وسکنات کے سہارے بولتا ہے یا اشارہ کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ بات چیت کو مناسب طریقے سے ختم کر لیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ سوالیہ لفظ "کیا" استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ سوالیہ لفظ "کون" استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ سوالیہ لفظ "کہاں" استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ سوالیہ لفظ "کیوں" استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ سوالیہ لفظ "کیوں کریں" استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ فعل ماضی استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ فعل مستقبل استعمال کرنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ شرطیہ جملوں کو استعمال کرنے لگا ہے، جیسے کہ ان جملوں میں:
  انگریزی (اگر...تو پھر...).
  ASL (ٹاپیکلائزڈ جملہ۔
- ☐ اگر ASL کا استعمال کر رہا ہے تو، آپ کا بچہ ہاتھ کی شکل، ہتھیلی کی واقفیت، لوکیشن، حرکت اور چہرے کے تاثرات (جیسے بٹن، بلی، لومڑی) کے پانچ پیرامیٹرز کا استعمال کرے گا۔
- ☐ ASL میں، آپ کا بچہ نمبر تقسیم کرنے لگا ہے، مثال کے طور پر، گرنے والی پتیوں کے بارے میں بات کرنا -
  فال کا واحد - ایک پتی کا گرنا؛
  فال کا جمع - بہت سی پتیوں کا گرنا؛
  فال رینڈم - پتے ادھر اُدھر وقتا فوقتا گرتے رہتے ہیں۔
- ☐ ASL میں، آپ کا بچہ کیوں والے الفاظ کو سوال کے آغاز اور اختتام پر دہراتا ہے (جیسے، کہاں جائیں، کہاں؟) اسے کیوں کی-صیغہ کہا جاتا ہے۔
- ☐ ASL میں، آپ کا بچہ ایجنٹ سائن والے الفاظ استعمال کرنے لگا ہے (جیسے FARM-ER; TEACH-ER)۔
- ☐ ASL میں، آپ کا بچہ ٹاپک کانٹینیوشن کا استعمال کرنے لگا ہے (ایک ہاتھ میں علامت پکڑتا ہے اور دوسرے سے اشارہ کرتا رہتا ہے)۔
- ☐ ASL میں، آپ کا بچہ باڈی شفٹ اور آئی-گیز کا استعمال کرنے لگا ہے۔

نیو جرسی

# پیرنٹ ریسورس گائیڈ

ان بچوں کے کے لئے ہے جو بہرے ہیں اور اونچا سنتے ہیں

## چار - پانچ سال کی عمر

### اظہاری زبان

نوٹس: ____________________

### اخذ پذیری زبان

- ☐ آپ کا بچہ گھر اور سکول میں کہی ہوئی باتوں اور اشارہ جاتی چیزوں کو زیادہ تر سمجھتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ چھوٹی کہانیوں پر توجہ دیتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ کہانیوں سے لطف اندوز ہوتا ہے اور آسان سوالوں کو سمجھ سکتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ آرڈر سے متعلق چار سادہ کمانڈز انجام دینے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ ملتی جلتی چیزوں کو سمجھنے لگا ہے (جیسے وہ چیزیں جو اڑتی ہیں، جو چیزیں آپ کھاتے ہیں، جو چیزیں آپ پہنتے ہیں)۔
- ☐ آپ کا بچہ وقت کے تصورات (جیسے دن/رات) اور سال کے موسموں کو سمجھنے لگا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ ان الفاظ کو سمجھتا ہے جو ہم قافیہ کی شکل میں ہوتے ہیں۔
- ☐ آپ کا بچہ پوچھے جانے پر اشارہ کرتا ہے یا آبجیکٹ کو پہلے، بعد، اوپر، نیچے رکھ لیتا ہے۔

نوٹس: ____________________

### ذخیرہ الفاظ

- ☐ آپ کا بچہ +2,500 الفاظ اور/یا علامات استعمال کرتا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ الفاظ اور علامات کے معنی پوچھنا شروع کر دیا ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ توضیحی الفاظ استعمال کرنے لگا ہے (جیسے سخت، نرم، یوکی)۔
- ☐ آپ کا بچہ ترتیب کے تصورات کو ایک ساتھ رکھنے لگا ہے (چھوٹے سے بڑے کی طرف؛ لمبے سے چھوٹا کی طرف)۔
- ☐ آپ کا بچہ قسموں کا نام بتاتا ہے (جیسے کھانے کی شکل میں پیزا، ہیمبرگرز)۔

نوٹس: ____________________

[1] لینگویج ڈیویلپمنٹ مائل اسٹون کی اجازت سے اخذ کر لیا گیا اور استعمال کیا گیا ہے جو کہ کیلیفورنیا SB 210 کمیٹی کی طرف سے ان بچوں کے لیے تیار کیا ہے جو پیدائش سے لے کر پانچ سال کی عمر تک بہرے ہیں یا اونچا سنتے ہیں۔